SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
MODEL PAPER
GRADE 7
URDU PART – B (Subjective Type)

[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks]

School : ____________________
Tehsil : ____________________ **District:** ____________________

Student Name : ____________________ **Section :** ____________________
Roll Number : ____________________ **Date :** ____________________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:
۱۔جواب لکھنے کے لیے علیحدہ سے جوابی کاپی کا استعمال کریں اور اس کے اوپر بھی اپنے بارے میں معلومات دیں۔
۲۔غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں۔
۳۔ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔
۴۔ جواب لکھنے کے لیے کالی/نیلی روشنائی کااستعمال کریں۔کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	حصہ ب(انشائیہ سوالات)	کل نمبر: 52

Result.pk

سوال نمبر 1: : درج ذیل اشعار کی تشریح بیان کریں۔ (کل نمبر08)

شعر۱۔ کیا اُمیّوں نے جہاں میں اجالا
ہوا جس سے اسلام کا بول بالا
شعر ۲۔ بتوں کو عرب اور عجم سے نکالا
ہر اک ڈوبتی ناؤ کو جا سنبھالا

سوال نمبر 2: : ایک کہانی لکھیں جس سے یہ ظاہر ہو کہ "اتفاق واتحاد کے ساتھ ہر خطرہ سے بچا جا سکتا ہے۔"(کل نمبر 10)

سوال نمبر 3: : درج ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔(کل نمبر08)

آج کے دور کی بہت حیران کن ایجادات میں سے ایک ایجاد ٹیلی ویژن بھی ہے۔ ٹیلی ویژن پر آواز کے ساتھ تصویر بھی نظر آتی ہے۔ٹیلی ویژن کے ذریعے تعلیمی، تفریحی اور سیاسی پروگرام دیکھے جا سکتے ہیں۔ کمرشل پروگراموں کے ذریعے کارخانہ دار اپنی اپنی مصنوعات کی تشہیر کرتے ہیں۔جو لوگ دینی پروگرام دیکھنے کا ذوق رکھتے ہیں ان کی تسکین کے لیے دینی پروگرام بھی نشر کیے جاتے ہیں۔اخلاق و کردار کی درستی کے لیے بھی پروگرام نشر کیے جاتے ہیں۔ مزاحیہ پروگرام بھی نشر کیے جاتے ہیں۔ بچوں اور خواتین کے لیے الگ پروگرام نشر کیے جاتے ہیں۔ٹی وی نہ صرف تفریح کا بہترین ذریعہ ہے بلکہ اس کے اصلاحی ڈراموں سے اخلاقی تربیت بھی ملتی ہے۔ ٹی ۔ وی پر اچھے اچھے حکیموں اور ڈاکٹروں کو بھی مدعو کیا جاتا ہےجو سامعین کو طبی مشورے دیتے ہیں۔ کاروباری خبروں سے تجارت کو فروغ ملتا ہے۔ ٹی ۔وی اشاعت اور تربیت کا ایک کارآمد ذریعہ ہے۔

سوالات:
(الف) : ٹیلی ویژن پر کس قسم کے پروگرام دیکھے جا سکتے ہیں؟(02)
(ب) : کمرشل پروگرام کسے کہتے ہیں؟(02)
(ج) : عبارت کے مطابق طبی مشوروں کے لیے ٹی وی پر کن کو مدعو کیا جاتا ہے؟(02)
(د) : اصلاحی ڈرامے دیکھنے سے کون سی تعلیم حاصل ہوتی ہے؟(02)

سوال نمبر 4: : آپ کے والد صاحب طویل بیماری کے بعد صحت یاب ہوئے ہیں جس کی دعائیہ تقریب میں شرکت کے لیے اپنے خالو جان کو دعوت نامہ تحریر کریں۔(کل نمبر08)

سوال نمبر 5: : والد صاحب کے نام خط لکھیں ۔خط میں ان کی خیریت دریافت کریں۔ (کل نمبر08)

سوال نمبر 6: : "علم کے فائدے" کے عنوان پر مضمون لکھیں جو دو سو الفاظ پر مشتمل ہو۔ (کل نمبر10)

Result.pk